NEW YORK STATE OF OPPORTUNITY. | Workers' Compensation Board



# آپ کام کی جگہ پر زخمی ہوئے تھے۔ اب کیا کریں؟

اگر آپ جائے کار پر زخمی ہوئے یا بیماری کا شکار ہوئے تھے، تو آپ کارکنان کے معاوضے کے فوائد کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ آپ پہلے ہی سے طبی علاج وصول کر چکے ہوں۔ اگر آپ نے ابھی تک علاج نہیں کروایا، تو جلد از جلد طبی نگہداشت طلب کریں۔

اپنے دعوے میں مدد کے لیے، **ورکرز کمپنسیشن بورڈ (بورڈ)** کو **(877) 632-4996 پر کال کریں۔**

## آپ کی ذمہ داریاں

- اپنے آجر کو، تحریری صورت میں، آگاہ کریں، یہ تفصیل بتائیں کہ آپ کب، کہاں اور کیسے زخمی یا بیمار ہوئے۔ چوٹ یا بیماری ہونے کے 30 دنوں کے اندر جتنا جلد ممکن ہو ایسا کریں۔ یہ سب ٹیکسٹ مت کریں، بلکہ خط، ای میل یا دیگر دستاویز کی صورت میں بھیجیں جسے محفوظ یا پرنٹ کیا جا سکے۔
- اپنے نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندگان کو بتائیں کہ آپ کی چوٹ یا بیماری کام سے متعلق ہے، اور اپنے آجر کے بیمہ کار برائے کارکنان کے معاوضے کا نام بتائیں۔ اگر آپ کو اپنے آجر کے بیمہ کار کا نام نہیں معلوم، تو یا تو اپنے آجر سے پوچھیں یا بورڈ سے فوری رابطہ کریں۔ آپ کا نگہداشتِ صحت کا فراہم کنندہ بورڈ کے پاس اور آپ کے آجر یا اس کے بیمہ کار کے پاس طبی رپورٹس دائر کروائے گا۔ آپ کو اپنے فوائد تک رسائی حاصل کرنے کے لیے ایک طبی رپورٹ بورڈ کے پاس دائر کروانے کی ضرورت ہے۔
- بورڈ کو اپنی چوٹ یا بیماری کی اطلاع دینے والا ایک ***ملازم کا دعویٰ (فارم C-3)*** جلد از جلد دائر کریں۔ آپ کو دو سال کے اندر اپنی چوٹ یا بیماری کے بارے میں بورڈ کو مطلع کرنا ہو گا۔ اگر آپ کو جسم کے اسی حصے پر پہلے بھی چوٹ لگی، یا یہی بیماری پہلے بھی تھی، تو آپ کو ***صحت کی معلومات کا محدود انکشاف (فارم C-3.3)*** بھی لازماً دائر کرنا ہو گا۔
**کارکنان کے معاوضے میں شہریت اور امیگریشن کی کارفرما عوامل نہیں ہیں۔**

| دعویٰ کیسے دائر کیا جائے |
|---|
| **تیز ترین طریقہ کار: wcb.ny.gov پر جائیں اور "دعویٰ دائر کریں" منتخب کریں۔** |
| ***فارم C-3*** **دائر کرنے کے بارے میں سوالات کے لیے، یا فارم کی کاپی حاصل کرنے کے لیے، براہ کرم (877) 632-4996 پر کال کریں۔ بورڈ کا نمائندہ آپ کو مدد فراہم کرے گا۔** |

## طبی اور سفری اخراجات

**آپ کی کام سے متعلق چوٹ یا بیماری کے علاج کے لیے طبی نگہداشت کارکنان کے معاوضے کے فوائد ہیں جو کہ آپ کو بلامعاوضہ ادا کیے جاتے ہیں۔** آپ کی چوٹ یا بیماری کے طبی بلز براہ راست آپ کے آجر کے کارکنان کے معاوضے کے بیمہ کار کی جانب سے آپ کے نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندہ کا ادا کیے جاتے ہیں۔ اگر آپ کے کیس پر بیمہ کار کی جانب اعتراض کیا گیا ہے، تو بورڈ کے آپ کے کیس کا فیصلہ آپ کے حق میں سنانے کی صورت میں، نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندگان ادائیگی کریں گے۔ تاہم، اگر بورڈ آپ کے خلاف فیصلہ کرتا ہے، یا اگر آپ کیس میں پیش رفت نہیں کرتے، تو آپ کو نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ یا ہسپتال کو ادائیگی کرنا ہو گی (یا اپنے صحت کے بیمہ کار کو بل(بلز) جمع کروائیں)۔

طبی طور پر ضروری ادویات اور سامان جو آپ کے نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندہ نے تجویز کیے ہیں، آپ کے آجر کے کارکنان کے معاوضے کی انشورنس اس کا احاطہ کرتی ہے۔ آپ کو علاج کے لیے سفر طے کرنے پر آنے والے مسافتی، عوامی نقل و حمل کے یا دیگر ضروری اخراجات کی باز ادائیگی بھی کی جا سکتی ہے۔ یہ اخراجات (بشمول رسیدیں اگر آپ کے پاس کوئی ہیں) اپنے آجر کے کارکنان کے معاوضے کے بیمہ کار کو اور ***طبی اور سفری اخراجات اور باز ادائیگی کے لیے درخواست کے ریکارڈ (فارم C-257) پر بورڈ کو جمع کروائیں اور معاوضے کی درخواست کریں۔***

عام طور پر، آپ بورڈ کی جانب سے مجاز کردہ کوئی بھی نگہداشتِ صحت کا فراہم کنندہ منتخب کر سکتے ہیں۔ آپ **wcb.ny.gov** پر "نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندہ کی تلاش" کا فیچر استعمال کرتے ہوئے اپنے علاقے میں نگہداشتِ صحت کے مجاز فراہم کنندہ کو تلاش کر سکتے ہیں۔ آپ صحت کے پیشہ ورانہ کلینکس بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ تاہم، اگر آپ کے آجر کے کارکنان کے معاوضے کے بیمہ کار کی، ورکرز کمپنسیشن کی چوٹوں کی نگہداشت کے لیے ترجیحی فراہم کنندہ تنظیم (PPO) ہے، تو آپ کو اپنا پہلا علاج PPO نیٹ ورک سے کروانا چاہیئے۔ اگر اس بیمہ کار کے پاس فارمیسی یا تشخیصی نیٹ ورک بھی ہے، تو آپ ان نیٹ ورکس کے اندر سروسز لازمی حاصل کریں۔ بیمہ کار آپ کو اپنے درکار فراہم کنندہ نیٹ ورکس اور اُن کو کیسے استعمال کرنا ہے، اس بارے میں لازمی بتائے۔ تاہم، کسی ہنگامی صورتحال میں، آپ کسی بھی فراہم کنندہ سے چیک کروا سکتے ہیں۔

## فوائد برائے ضائع شدہ اجرتیں

آپ اپنی ضائع شدہ اجرتوں کے ایک حصے کے حقدار ہیں، جو اس وقت فوری طور پر ادا کیا جانا چاہیئے، کہ اگر آپ کی چوٹ یا بیماری آپ کو درج ذیل میں سے ایک یا زیادہ طریقوں سے متاثر کرتی ہے:

1. یہ آپ کو سات کیلنڈر دن سے زیادہ کام کرنے سے روکے رکھتی ہے؛
2. آپ کے جسم کا حصہ مستقل معذوری کا شکار ہو گیا ہے؛ اور/یا
3. آپ اب کم گھنٹے کام کرتے ہیں یا دوسرے کام کرتے ہیں اس کی وجہ سے آپ کی اجرت کم ہو گئی ہے۔

جب آپ اپنی چوٹ یا بیماری سے صحت یاب ہو جائیں اور جب مزید طبی بہتری کی توقع نہ ہو (عام طور پر، اگر سرجری کی گئی ہو، تو حادثے/بیماری یا سرجری کی تاریخ کے ایک سال بعد)، تو آپ اپنے ڈاکٹر سے یہ جائزہ لینے کے لیے کہہ سکتے ہیں کہ آیا آپ کو حادثے/بیماری کی وجہ سے مستقل چوٹ/عارضہ لاحق ہوا ہے۔ اس فائدے کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، براہ کرم **wcb.ny.gov** پر جائیں، "کارکنان" کے سیکشن پر کلک کریں، پھر "معذوری کی درجہ بندی" کو منتخب کریں۔

آپ اپنے دعویٰ میں مدد کے لیے کسی اٹارنی یا لائسنس یافتہ نمائندے کی خدمات حاصل کر سکتے ہیں، لیکن یہ ضروری نہیں ہے۔ آپ یا آپ کے خاندان کو آپ کے اٹارنی یا لائسنس یافتہ نمائندے کو براہ راست ادائیگی نہیں کرنی چاہیئے۔ ان کی فیس بورڈ کی جانب سے منظور کی جاتی ہے اور آپ کے ضائع شدہ اجرت کے ایوارڈ سے اس کی کٹوتی ہوتی ہے۔

اگر آپ کا کیس متنازعہ ہے، تو اس دوران آپ معذوری کے فوائد حاصل کر سکتے ہیں کہ جب کیس کا بورڈ کی جانب سے جائزہ زیر التوا ہے۔ ***معذوری کے فوائد (فارم DB-450) کے لیے نوٹس اور دعوے کا ثبوت***حاصل کرنے کے لیے، **wcb.ny.gov** پر جائیں؛ مدد کے لیے بورڈ کو کال کریں؛ یا بورڈ کے دفتر تشریف لے جائیں۔ اگر ورکرز کمپنسیشن بورڈ کا دعویٰ آپ کے حق میں طے پا جاتا ہے، تو معذوری کے فوائد کی کٹوتی آپ کے ضائع شدہ اجرتوں کے ایوارڈ سے کی جائے گی۔

## پھر کیا ہو گا؟

کارکنان کے معاوضے کا بیمہ کار آپ سے رابطہ کرے گا۔ اگر آپ کا دعویٰ قبول کر لیا جاتا ہے، تو آپ کے نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندگان کو ادائیگی کی جائے گی، اور فوائد برائے ضائع شدہ اجرت کا آغاز ہو جائے گا۔ اگر آپ کے کیس کے لیے سماعت درکار ہے، تو بورڈ آپ سے رابطہ کرے گا۔ سماعت کے عمل کو آسان بنانے کے لیے آن لائن وسائل دستیاب ہیں:

- **eCase:** آپ بورڈ کے eCase سسٹم کے ساتھ کیس سے متعلق دستاویزات آن لائن اپ لوڈ کر سکتے اور دیکھ سکتے ہیں، جس کا استعمال زخمی کارکنوں کے دعووں پر کارروائی کے لیے کیا جاتا ہے۔ آپ کو eCase کے لیے **wcb.ny.gov** پر رجسٹر ہونا چاہیئے۔
- **ورچوئل سماعتیں:** آپ کے پاس بورڈ کے دفتر کا سفر کیے بغیر ورچوئل سماعتیں استعمال کرتے ہوئے سماعتوں میں شریک ہونے کا اختیار ہے۔ ورچوئل سماعتوں، اور بورڈ کی مفت ایپ کے بارے میں، **wcb.ny.gov/virtual-hearings** پر مزید جانیں۔

## مدد دستیاب ہے

کبھی کبھار آپ کو کام پر واپس جانے میں مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔ آپ کا آجر آپ کو متبادل یا کم ڈیوٹی کے حامل کام تفویض کر سکتا ہے جو آپ کو تندرست ہونے کے دوران کام کرنے کے قابل بناتے ہیں۔ چوٹ یا بیماری خاندانی یا مالی مسائل کا سبب بھی بن سکتی ہے۔ بورڈ کے پاس مدد فراہم کرنے کے لیے پیشہ ورانہ بحالی صلاح کاران اور سماجی کارکنان موجود ہیں۔ دستیاب سروسز کے بارے میں مزید معلومات اور مدد کے لیے بورڈ کو کال کریں۔

اگر آپ اوپیوئیڈ (opioid) درد کی ادویات پر انحصار کے بارے میں فکر مند ہیں، تو براہ کرم NYS OASAS HOPELine کو **877-8-HOPENY (877-846-7369)** پر کال کریں۔

### رابطے کی اہم معلومات

| | | |
|---|---|---|
| **ورکرز کمپنسیشن بورڈ** | **(877) 632-4996** | claims@wcb.ny.gov |
| | | wcb.ny.gov |

NEW YORK STATE OF OPPORTUNITY. | Workers' Compensation Board

New York State Workers' Compensation Board
PO BOX 5205
Binghamton, NY 13902-5205



WCB-Claimant-QuickGuide-v1 (1-21) Urdu